اس ماڈیول کے اختتام پر ان شاء اللہ آپ عربی گرامر کی بنیادی باتیں سیکھ چکے ہوں گے۔

# ماڈیول AG01: بنیادی عربی گرامر۔ حصہ اول

ٹیکسٹ بک

محمد مبشر نذیر۔ محمد شکیل عاصم

www.islamic-studies.info

# فہرست

# تعارف

محترم قارئین!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عربی زبان سیکھنے کے لئے 'قرآنی عربی پروگرام' کے انتخاب کا بہت بہت شکریہ۔ اس پروگرام میں ان شاء اللہ ہم متعدد ماڈیولز کے ذریعے عربی زبان سیکھیں گے۔ اس پروگرام کے اختتام پر ان شاء اللہ آپ قرآن و حدیث اور مسلم علماء کی عربی کتب کے مطالعے پر قادر ہو جائیں گے۔ اس پروگرام کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ نہایت ہی آسانی کے ساتھ درجہ بدرجہ ادبیات اسلامیہ میں استعمال ہونے والی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کو قرآنی عربی پروگرام کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس پروگرام کا محور و مرکز قرآن مجید ہے مگر اس میں دینی کتب میں استعمال ہونے والی عربی بھی آپ سیکھ جائیں گے۔

لوگ عموماً دو وجوہات کی بنیاد پر عربی سیکھتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ قرآن مجید، احادیث اور اسلامی لٹریچر کو سمجھا جا سکے اور دوسرے یہ کہ عربوں کے ساتھ جدید عربی میں گفتگو کی جا سکے۔ یہ پروگرام پہلے مقصد کی تکمیل کے لئے وضع کیا گیا ہے البتہ دوسرے مقصد کے لئے عربی سیکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ عربی چونکہ دنیا کی منظم ترین زبان ہے، اس لیے اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔ اس کے قواعد و ضوابط بہت واضح ہیں۔ اگر آپ یہ قواعد و ضوابط سیکھ لیں تو چند ہی ہفتوں میں آپ اس زبان کا بڑا حصہ سمجھ سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ عربی میں چالیس پچاس ایسے الفاظ ہیں جو بہت زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ ابتدائی ماڈیولز میں یہ الفاظ سکھا دیے جائیں۔ قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و حدیث اور اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقفیت حاصل کریں۔ اس کے اسالیب کو پہچانیں اور اس کے محاوروں سے واقفیت حاصل کریں۔ یہی کوشش ہم نے اس پروگرام میں کی ہے۔

اس پروگرام میں عربی سیکھنے کا طریقہ کار نہایت ہی سادہ ہے۔ روزانہ ایک سبق کا مطالعہ کیجیے۔ ہر سبق میں 'اپنی صلاحیتوں کا امتحان لیجیے!' کے تحت مشقوں کو حل کیجیے۔ مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے جوابات ہرگز نہ دیکھیے۔ بعد میں جوابات کو چیک کیجیے۔ آپ کو الفاظ کے معانی اور زبان کے اصول و قواعد رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سب کچھ آپ کو خود بخود یاد ہوتا چلا جائے گا کیونکہ ہر ہر لفظ اور اصول بار بار آپ کے سامنے آئے گا۔ چند ہی ہفتوں میں آپ محسوس کریں گے کہ آپ عربی زبان سمجھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دلچسپی برقرار رکھنے اور معلومات ذہن نشین کروانے کی خاطر بعض معلومات کو الگ باکس کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت: اس پروگرام کا مقصد محض عربی سکھانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی شخصیت کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنا بھی ہے۔ اس لئے ہر سبق کے آغاز میں آپ کو یہ باکس ملے گا جس میں تعمیر شخصیت سے متعلق ٹپس دیے جائیں گے۔

مطالعہ کیجیے! اس باکس میں اچھی کتب اور تحریروں کے لنک فراہم کئے جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی زبان اور عربوں سے متعلق دلچسپ معلومات آپ کو اس باکس میں ملیں گی۔ ان معلومات سے آپ نزول قرآن کے زمانے کے عرب معاشرے کو سمجھ سکیں گے۔

آج کا اصول: زبان کے قوانین اس باکس میں دیے جائیں گے تاکہ آپ انہیں آسانی سے یاد کر سکیں۔ دوہرائی کے لیے یہ باکسز آپ کو بار بار ملیں گے۔ ایسا بھی ہو گا کہ ایک ماڈیول کے اصول آپ کو دوسرے میں ملیں گے۔ اس بار بار دوہرائی کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو یہ اصول یاد ہو جائیں۔

چیلنج! آپ کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آپ کو چیلنج دیا جائے گا جس کی مدد سے آپ عربی زبان کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

# تعارف

اس پروگرام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ آپ تدریجاً عربی سیکھتے چلے جائیں گے۔ پروگرام کو تین سطحوں یا لیولز میں تقسیم کیا گیا ہے: بنیادی (Basic)، متوسط (Intermediate) اور اعلیٰ (Advanced)۔ ہر لیول میں متعدد ماڈیولز ہیں جنہیں دو سیریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک سیریز عربی گرامر کی ہے جس کے لیے AG کا کوڈ اختیار کیا گیا ہے جیسے AG00, AG01, AG02 وغیرہ۔ دوسری سیریز میں عربی متن کا مطالعہ شامل ہے جس سے آپ کے ذخیرہ الفاظ (Vocabulary) میں اضافہ ہو گا۔ اس کے لیے AT کا کوڈ اختیار کیا گیا ہے۔ پورے پروگرام کا خاکہ یہ ہے اور طالب علم کو تیروں کے مطابق ماڈیولز کا مطالعہ یکے بعد دیگرے کرنا ہو گا۔ ایک لیول میں پہلے گرامر کے ماڈیولز پڑھیے اور پھر متن کے۔

# تعارف

AG سیریز میں گرامر اور بلاغت کے قوانین سکھائے گئے ہیں اور ان قوانین کے استعمال کے لئے قرآن مجید سے پریکٹس کروائی گئی ہے۔ AT سیریز میں زبان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے قرآن مجید، حدیث اور ادبیات اسلامیہ سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے اس کے ذخیرہ الفاظ اور اسالیب کو سیکھتے ہوئے ان اقتباسات کا ترجمہ کرنا ہے۔ آپ کو قوانین یا الفاظ کو رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ قوانین اور الفاظ خود بخود آپ کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے جائیں گے۔

## بنیادی لیول (Basic Level)

بنیادی لیول پر کل چھ ماڈیولز ہیں جن میں گرامر کے تین اور متن کے تین ماڈیولز شامل ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

- ماڈیول AG00: اس ماڈیول کا مقصد آپ کو عربی رسم الخط اور تجوید سکھانا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی عربی پڑھ سکتے ہیں تو آپ براہ راست ماڈیول AG01 سے آغاز کر سکتے ہیں مگر ماڈیول AG00 کا طائرانہ جائزہ مفید رہے گا، بالخصوص عرب ممالک اور برصغیر میں عربی رسم الخط میں تھوڑا سا فرق پایا جاتا ہے۔ اس فرق کو ضرور سیکھ لیجیے۔
- ماڈیول AG01: اس ماڈیول میں آپ عربی گرامر کے بنیادی مباحث کا مطالعہ کریں گے۔
- ماڈیول AG02: اس ماڈیول میں آپ عربی گرامر کے مزید بنیادی مباحث جن میں علم النحو شامل ہے، کا مطالعہ کریں گے۔
- ماڈیول AT01: اس ماڈیول کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزمرہ مذہبی معمولات میں استعمال ہونے والی عربی سیکھ لیں۔
- ماڈیول AT02: اس ماڈیول کا مقصد آپ کی زبان کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ اس میں آپ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کریں گے۔ ان شاء اللہ اس ماڈیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 15-20% عربی سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔
- ماڈیول AT03: اس میں آپ مزید کے اقتباسات کا مطالعہ کریں گے اور اس ماڈیول کے اختتام تک ان شاء اللہ ڈکشنری کی مدد سے 30-40% عربی سمجھنے کے قابل ہو چکے ہوں گے۔

اس لیول کے اختتام پر آپ کافی عربی سیکھ چکے ہوں گے۔ نماز اور جمعہ کا خطبہ سمجھ سکیں گے اور جب قرآن مجید کی تلاوت کریں گے تو کافی باتیں سمجھ میں آ سکیں گی۔

## متوسط لیول (Intermediate Level)

یہ لیول سات ماڈیولز پر مشتمل ہے۔ اس میں آپ عربی زبان کے قواعد و ضوابط (Grammar and Rhetoric) کے چار اور متن کے تین ماڈیولز کا مطالعہ کریں گے، جن کی تفصیل یہ ہے:

- ماڈیول AG03: اس ماڈیول میں آپ کی زبان کی صلاحیتیں مزید بہتر ہوں گی۔ اس ماڈیول میں پہنچ کر آپ علم بلاغت (بشمول علم المعانی، علم البیان اور علم البدیع) کا مطالعہ کریں گے اور زبان میں نازک احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔
- ماڈیول AG04: اس ماڈیول میں آپ علم بلاغت (Rhetoric) کے مزید مباحث کا مطالعہ کرتے ہوئے زبان و بیان کے مزید نازک احساسات کو سمجھ سکیں گے۔ اس کے اختتام پر آپ علم بلاغت کی بحثوں سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہوں گے۔

دینی مدارس میں عام طور پر علم بلاغت کو عربی گرامر کی تکمیل کے بعد پڑھایا جاتا ہے لیکن ہم نے اس پروگرام میں یہ ترتیب الٹ دی ہے کہ بلاغت کی دلچسپ بحثوں کو گرامر کے خشک قواعد سے پہلے پڑھا دیا ہے تاکہ طالب علم کی دلچسپی برقرار رہے۔

## تعارف

- ماڈیول AG05: اس ماڈیول میں آپ علم الصرف کے مطالعے کا آغاز کریں گے۔ آپ یہ سیکھیں گے کہ کس طرح سے ایک لفظ سے سینکڑوں الفاظ اخذ کیے جاسکتے ہیں۔
- ماڈیول AG06: اس ماڈیول میں آپ علم الصرف کے مزید مباحث کا مطالعہ کریں گے اور اس کے اختتام پر ان شاء اللہ ایک لفظ سے سینکڑوں الفاظ بنانے کے قابل ہو چکے ہوں گے۔
- ماڈیول AT04-06: ان پانچ ماڈیولز میں آپ متوسط سطح کے عربی اقتباسات کا مطالعہ کریں گے۔ آپ کے ذخیرہ الفاظ میں مزید اضافہ ہو گا اور AT06 کے اختتام پر آپ ان شاء اللہ 60-70% عربی سمجھنے کے قابل ہو چکے ہوں گے۔

## اعلی لیول (Advanced Level)

اعلی لیول میں کل نو ماڈیولز ہیں جن میں گرامر کے دو اور متن کے سات ماڈیولز شامل ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

- ماڈیول AG07: اس ماڈیول میں آپ علم الصرف کے اعلی مباحث کا مطالعہ کریں گے۔
- ماڈیول AG08: اس ماڈیول میں آپ علم الصرف کے مزید اعلی مباحث کا مطالعہ کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ علم النحو کے باقی رہ جانے والے اعلی مباحث کا مطالعہ بھی کریں گے۔ اس ماڈیول کے اختتام پر آپ عربی قواعد و ضوابط (Grammar and Rhetoric) سے پوری طرح واقف ہو چکے ہوں گے اور یہ بھی سیکھ چکے ہوں گے کہ عربی متن کا لغوی تجزیہ کیسے کیا جاتا ہے۔
- ماڈیول AT07-AT13: ان ماڈیولز میں آپ اعلی سطح کی عربی عبارتوں کا مطالعہ کریں گے۔ ماڈیول AT13 کے اختتام پر آپ اتنی عربی سیکھ چکے ہوں گے کہ اطمینان سے عربی کتب کا مطالعہ کر سکیں اور 100% عبارت کو سمجھ سکیں۔ ہاں، کبھی کبھار کسی نئے لفظ کے لیے آپ کو ڈکشنری کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اس پروگرام کے اختتام پر آپ علم الصرف، علم النحو، علم المعانی، علم البیان، علم البدیع کے اہم تصورات سے واقف ہو چکے ہوں گے۔ آپ مسلم تاریخ کے مختلف ادوار میں لکھے گئے دینی لٹریچر کا مطالعہ کر سکیں گے اور زبان کو بآسانی سمجھ سکیں گے۔ ہر لیول کے اختتام پر آپ کا امتحان لیا جائے گا جس میں آپ اپنی صلاحیتوں کو ٹیسٹ کر سکیں گے۔

یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے آپ عربی بول چال پر نہ تو قادر ہو سکیں گے اور نہ ہی عربی زبان کے ادیب بن سکیں گے مگر یہ پروگرام آپ کو یہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد ضرور کرے گا۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد آپ کو زبان سمجھنے (Comprehension) کے قابل بنانا ہے کیونکہ دین کے طالب علم کی ضرورت یہی ہے کہ وہ عربی سمجھ سکے اور قرآن و حدیث اور عربی کتابوں کا مطالعہ کر سکے۔ عربی بول چال پر قدرت کے لئے آپ کو عرب ماحول اور تحریر سیکھنے کے لئے ایک استاذ کی ضرورت رہے گی جو آپ کی تحریروں کی اصلاح کر سکے۔ ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ کتاب میں ٹائپنگ وغیرہ کی غلطیوں کو جس حد تک ممکن ہو، کم سے کم کیا جائے۔ تاہم عربی ٹائپنگ میں حرکات کی غلطی کا امکان بہر حال رہتا ہے۔ اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب میں جہاں کوئی غلطی دیکھیں تو مصنف کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی سبق سے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو آپ براہ راست مصنفین کو ای میل کر کے اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے تاثرات بھی ای میل کیجیے۔ اللہ تعالی آپ کا حامی و ناصر ہو۔

محمد شکیل عاصم (shakeelasim56@gmail.com)۔ محمد مبشر نذیر (mubashirnazir100@gmail.com)

ذوالحجہ 1434 / اکتوبر 2013

## عربی سیٹ اپ

اس پروگرام کے مطالعہ سے پہلے مناسب رہے گا کہ آپ اپنے کمپیوٹر کو عربی زبان کے سیٹ اپ کر لیجیے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے:

**For Windows XP Users**

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Choose Language tab.
- Check the "Install files for Complex Script and right-to-left languages (Including Thai)".
- Press Apply to proceed
- Press Details button.
- Press Add button.
- Select the "Arabic (Saudi Arabia)" in Input Language drop down list.
- Select the default "Arabic (102)" keyboard.
- Press "OK" and then "Apply".

**For Windows Vista / 7.0 / 8.0 Users**

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Press "Keyboards and Languages" tab.
- Press "Change keyboards…" button
- Press "Add" button
- Select "Input Language: "Arabic"

The system may ask you to provide Windows CD during this process.

**Warning!!!!!!!!! If you are using an unlicensed version of Windows, it may corrupt your Windows.**

درج ذیل لنک سے مزید وسائل بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔

www.mubashirnazir.org/Courses/Arabic/Resources.htm

- قرآن مجید اور اس کی ڈکشنریاں
- عربی اور اردو فانٹ
- صخر عربی انگریزی ڈکشنری: اسے اپنے کمپیوٹر پر انسٹال بھی کر لیجیے۔

> تعمیر شخصیت
> اللہ کی مخلوق سے محبت کیجیے کیونکہ اللہ تعالی خود اپنی مخلوق سے محبت کرتا ہے۔ کسی انسان یا جاندار چیز کو تکلیف نہ دیجیے۔

اہل زبان جب کوئی زبان بولنا شروع کرتے ہیں تو خود بخود اس کے قوانین بنتے چلے جاتے ہیں۔ اس کے بعد زبان اور گرامر کے ماہرین ان قوانین کو لوگوں کی بول چال سے اخذ کرتے ہیں۔
ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کچھ لوگوں نے چند قوانین وضع کر لئے ہوں اور اس کی بنیاد پر کوئی زبان تشکیل دی ہو۔ ہمیشہ زبان پہلے بنتی ہے اور اس کے بعد اس میں سے قوانین اخذ کئے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض الفاظ یا اسالیب ان قوانین سے مستثنٰی ہوتے ہیں۔ دیگر زبانوں کی نسبت عربی کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے قوانین بہت ہی منظم ہیں۔ ان قوانین سے استثنا کم ہی پایا جاتا ہے۔ جیسا کہ آپ اگلے ماڈیولز میں دیکھیں گے کہ عربی کے قوانین کے تحت ایک لفظ سے سینکڑوں الفاظ خود بخود بنائے جاسکتے ہیں۔ یہ قوانین اتنے محکم ہیں کہ کمپیوٹر کا ایک اسپریڈ شیٹ پروگرام ان قوانین کے تحت خود بخود الفاظ اخذ کر سکتا ہے۔

الحمد للہ آپ اب عربی جملے پڑھنے کے قابل ہو چکے ہیں۔ اب ہم عربی زبان کو سیکھنے کا آغاز کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ہم دو جہتوں میں کام کریں گے۔ ایک تو عربی کے قواعد و ضوابط اور دوسرے بذات خود زبان۔ قواعد و ضوابط کے لئے ہم AG سیریز کے اسباق کا مطالعہ کریں گے اور زبان اور ذخیرہ الفاظ (Vocabulary) کے لئے AT سیریز کے۔ ہر سیریز کی اپنی اپنی مشقیں ہیں۔ ان مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ خود بخود زبان سیکھتے چلے جائیں گے۔ آپ کو کہیں بھی کچھ رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ زبان سکھانے کا ایک جدید طریقہ ہے جو قدیم طریقے سے مختلف ہے۔ یہ سبق اے سیریز کا ہے، اس وجہ سے ہم اپنی بحث کا آغاز گرامر کے ابتدائی اصولوں سے کرتے ہیں۔

## صرف و نحو

عربی گرامر کے دو بنیادی حصے ہیں: صرف اور نحو۔ صرف کا تعلق ایک لفظ سے بہت سے الفاظ اخذ کرنے سے متعلق قوانین سے ہے جبکہ نحو کا تعلق جملے کی ساخت اور ترکیب سے ہے۔

## اسم، فعل اور حرف

عربی میں لفظ کو 'کلمۃ' کہا جاتا ہے۔ عربی الفاظ کی تین اقسام ہیں: اسم فعل اور حرف۔ تفصیل کچھ یوں ہے:

- اسم (Noun) کسی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو کہتے ہیں۔ مثلاً اللّٰہ، أحْمَدُ، مَكَّةُ، كِتَابٌ وغیرہ۔
- فعل (Verb) کسی کام کے کرنے یا ہونے کو کہا جاتا ہے مثلاً صَلَّى (اس نے نماز پڑھی)، أَكَلَ (اس نے کھانا کھایا) وغیرہ
- حرف (Preposition, conjunction etc.) ان الفاظ کو کہتے ہیں جو اسم اور فعل کو ملانے کا کام کرتے ہیں جیسے بِ (سے)، لِ (لئے)، إلاَّ (سوائے) وغیرہ

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے اور ہر لفظ کے سامنے بیان کیجیے کہ وہ اسم، فعل یا حرف کس گروپ سے تعلق رکھتا ہے۔

**چیلنج!**

اردو کے چند اسم، فعل اور حرف کی مثالیں بیان کیجیے۔

| لفظ | قسم | لفظ | قسم |
|---|---|---|---|
| الله | | لِ (لیے) | |
| أَكْبَرُ | | أَعُوذُ (میں پناہ مانگتا ہوں) | |
| سُبْحَانَ (پاک) | | بِ (ساتھ) | |
| ال | | مِنَ (سے) | |
| حمد (تعریف) | | الشَّيْطَنِ | |
| ل (لئے) | | الرَّجِيْم (مردود) | |
| لاَ (نہیں) | | إِسْمِ (نام) | |
| إِلَهَ (معبود) | | الرَّحْمَنِ | |
| إِلَّا (سوائے) | | الرَّحِيْمِ | |
| مُحَمَّدُ | | أَحدٌ (ایک) | |
| رَّسُوْلُ | | وَ (اور) | |
| شَرِيْكَ | | الصَّمَدُ (بے نیاز) | |
| كَ (آپ کا) | | عَلَى (پر) | |
| اللَّهُمَّ (اے اللہ!) | | آل (اولاد، پیروکار) | |
| صَلِّ (درود بھیج) | | على | |

ہر زبان میں مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے مختلف الفاظ پائے جاتے ہیں۔ عربی میں بھی ایسا ہی ہے۔ جب مخاطب مذکر و مؤنث دونوں ہی کو ایک لفظ میں بیان کرنا چاہے تو پھر اس کے لئے مذکر کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جس میں خواتین خود بخود شامل ہوتی ہیں۔ مؤنث الفاظ کی متعدد اقسام ہیں:

**تعمیر شخصیت**
غیر مخلص مذہبی اور سیاسی راہنماؤں سے ہوشیار رہیے۔ یہ آپ کا استحصال کرتے ہیں۔ ہمیشہ اپنی عقل پر اعتماد کیجیے نہ کہ کسی راہنما کی عقل پر۔

- مؤنث حقیقی: یہ وہ اسم ہیں جو کسی حقیقی مؤنث کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً جارِیَۃٌ (لڑکی)، أُمٌّ (ماں)، أُخْتٌ (بہن)، بِنْتٌ (بیٹی) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں گول ۃ ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں گول ۃ ہو، مؤنث سمجھے جاتے ہیں اگرچہ حقیقتاً وہ مؤنث نہ بھی ہوں۔ مثلاً صلٰوۃٌ (نماز)، جَنَّۃٌ (باغ)، حَسَنَۃٌ (نیکی) وغیرہ۔ کسی مذکر کے آخر میں بھی گول ۃ لگا کر اسے مؤنث بنایا جاسکتا ہے۔ جیسے عالِمٌ سے عالِمَۃٌ، سَاجِدٌ سے ساجِدَۃٌ۔ اس قاعدے سے متعدد الفاظ مستثنٰی ہیں جیسے خَلِیفَۃٌ (خلیفہ)، عَلَّامَۃٌ (بڑا عالم) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں 'آء' ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں 'آء' موجود ہو، انہیں بھی مؤنث سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً سَودَآءُ (سیاہ خاتون)، بَیضَآءُ (سفید خاتون) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں 'ی' ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں 'ی' موجود ہو، بھی مؤنث سمجھے جاتے ہیں۔ مثلاً صُغرٰی (سب سے چھوٹی)، کُبْرٰی (سب سے بڑی)، عُظمٰی (عظیم ترین خاتون) وغیرہ۔ آپ پڑھ چکے ہیں کہ اس 'ی' کا 'الف' پڑھا جاتا ہے۔
- مؤنث غیر حقیقی: ہر زبان میں بے جان اشیاء کے نام بھی ہوتے ہیں جو اپنی حقیقت میں نہ تو مذکر ہوتے ہیں اور نہ ہی مونث۔ اہل زبان انہیں مذکر یا مؤنث فرض کر لیتے ہیں۔ عین ممکن ہے کہ ایک لفظ ایک زبان میں مذکر ہو اور دوسری میں مؤنث۔ جیسے اردو میں درخت مذکر ہے جبکہ عربی میں شَجَرَۃٌ مؤنث ہے۔ اسی طرح اردو میں کتاب مؤنث ہوتی ہے مگر عربی میں اسے مذکر سمجھا جاتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ ہر زبان سیکھتے وقت یہ جاننا ضروری ہے کہ اس زبان کے لوگ کس چیز کو مذکر اور کس چیز کو مؤنث سمجھتے ہیں۔ اس موقع پر چند اصول یاد کر لیجیے۔
  - یہ الفاظ ہر حالت میں مؤنث ہی سمجھے جائیں گے۔ أَرْضٌ (زمین)، حَرْبٌ (جنگ)، سَمَآءٌ (آسمان)، رِیْحٌ (ہوا)، نَفْسٌ (جان، شخصیت)
  - ملکوں کے ناموں کو بھی مؤنث ہی سمجھا جائے گا۔ جیسے مِصر، شَام، باکستان وغیرہ۔
  - ایسے انسانی اعضاء جو دو دو ہیں، کو بھی مؤنث سمجھا جاتا ہے جیسے یَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (پاؤں)، اُذُنٌ (کان) وغیرہ

### اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! (۱)

ہر لفظ کے سامنے اس کا معنی دیا ہوا ہے۔ تیسرے کالم میں بیان کیجیے کہ یہ مذکر ہے یا مؤنث۔

**چیلنج!**

اپنے ذخیرہ الفاظ میں سے چند ایسے اسم بیان کیجیے جو اردو میں مذکر سمجھے جاتے ہیں؟ اسی طرح چند مونث اسم بھی بیان کیجیے۔

| لفظ | معنی | مذکر یا مؤنث؟ |
|---|---|---|
| أَخٌ | بھائی | |
| أُخْتٌ | بہن | |
| وَالِدٌ | باپ | |
| وَالِدَةٌ | ماں | |
| أَبٌ | باپ | |
| أُمٌّ | ماں | |
| خَالٌ | ماموں | |
| خَالَةٌ | خالہ | |
| عَمٌّ | چچا | |
| عَمَّةٌ | پھوپھی | |
| فَاسِقٌ | گناہ گار، بدکردار | |
| فَاسِقَةٌ | گناہ گار، بدکردار | |
| حَسَنٌ | نیک | |
| حَسَنَةٌ | نیک | |

| لفظ | معنی | مذکر یا مؤنث؟ |
|---|---|---|
| قَبِيْحٌ | بدصورت | |
| قَبِيْحَةٌ | بدصورت | |
| كَبِيْرٌ | بڑا | |
| كَبِيْرَةٌ | بڑی | |
| صَغِيْرٌ | چھوٹا | |
| صَغِيْرَةٌ | چھوٹی | |
| هٰذَا | یہ | |
| هٰذِهِ | یہ | مُؤَنَّث |
| جَنَّةٌ | باغ | |
| جَهَنَّمُ | جہنم | مُؤَنَّث |
| عَرِيْسٌ | دولہا | |
| عُرُوْسٌ | دولہن (قدیم عربی میں یہ دلہا، دلہن دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے) | |
| شَدِيْدٌ | سخت | |
| شَدِيْدَةٌ | سخت | |
| سُوْقٌ | بازار | مُؤَنَّث |
| طَوِيْلَةٌ | لمبی | |

| لفظ | معنی | مذکر یا مؤنث؟ |
| --- | --- | --- |
| أَصْفَرُ | پیلا | |
| صَفْرَآءُ | پیلی | |
| أَخْضَرُ | سبز | |
| خَضْرَآءُ | سبز | |
| أَحْمَرُ | سرخ | |
| حَمْرَآءُ | سرخ | |
| أَزْرَقُ | نیلا | |
| زَرْقَآءُ | نیلی | |
| أَحْسَنُ | خوبصورت ترین | |
| حُسْنٰی | خوبصورت ترین | |
| صَادِقٌ | سچا | |
| صَادِقَةٌ | سچی | |
| شَاهِدٌ | گواہ، دیکھنے والا | |
| شَاهِدَةٌ | گواہ، دیکھنے والی | |
| کَاذِبٌ | جھوٹا | |
| کَاذِبَةٌ | جھوٹی | |

## آج کا اصول

لفظ کے آخر میں ی، آ، اور ۃ مؤنث کی علامت ہے۔ مثلاً والِدۃ، نَصریٰ (بہت زیادہ مددگار عورت)، حَمرآء (سرخ رنگ والیاں)۔

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! (۲)

ہر لفظ کے سامنے اس کا معنی دیا ہوا ہے۔ اس کی مؤنث بنائیے۔

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|
| حَسَنٌ (اچھا) | | أَسْوَدُ (سیاہ) | |
| وَالِدٌ (باپ) | | أَخْضَرُ (سبز) | |
| أَصْفَرُ (پیلا) | | أَبيَضُ (سفید) | |
| قَبِيْحٌ (بدصورت) | | أَخٌ (بھائی) | |
| شَاهِدٌ (گواہ) | | أَزْرَقُ (نیلا) | |
| أَحْمَرُ (سرخ) | | خَالٌ (ماموں) | |
| حَسَنٌ (اچھا) | | كَبِيْرٌ (بڑا) | |
| صَغِيْرٌ (چھوٹا) | | أَبٌ (باپ) | |
| أَحْسَنُ (خوبصورت ترین) | | هٰذَا (یہ) | |
| عَمٌّ (چچا) | | شَدِيْدٌ (سخت) | |
| صَادِقٌ (سچا) | | زَاهِدٌ (پرہیز گار) | |
| كَاذِبٌ (جھوٹا) | | فَاسِقٌ (بدکردار) | |
| عَرِيْسٌ (دولہا) | | رَحِيْمٌ (ہمیشہ مہربان) | |
| عَابِدٌ (عبادت گزار) | | زَعِيْمٌ (لیڈر) | |
| نَصِيْرٌ (مددگار) | | كَرِيْمٌ (صاحب عزت) | |

**تعمیر شخصیت**
دوسروں کے نقطہ نظر سے سوچنے کی عادت پیدا کیجیے۔ اس سے آپ کا ذہنی افق وسیع ہو گا اور آپ کے لئے دوسروں کو سمجھنے میں آسانی پیدا ہو گی۔ اسی سے رواداری جنم لے گی۔

کسی بھی اسم کی تین حالتیں ہوا کرتی ہیں۔ ایک عمومی حالت؛ دوسرے جب اس اسم پر کوئی کام کیا جائے اور تیسرے جب کوئی چیز اس سے متعلق ہو۔ مثال کے طور پر کتاب کو لیجیے۔ اپنی عام حالت میں یہ کتاب ہی ہے، یہ اس کی پہلی حالت ہے۔ اگر کسی نے اس کتاب پر کوئی کام کیا ہے جیسے اس کتاب کو پڑھا ہے، تو یہ اس کی دوسری حالت ہے۔ اگر اس کتاب کے ساتھ کسی چیز کا تعلق قائم کیا گیا ہے تو پھر یہ اس کی تیسری حالت ہے۔ اردو میں ان تینوں حالتوں کو بیان کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عمومی حالت میں کسی اسم کو اکیلا ہی بیان کیا جاتا ہے۔ دوسری حالت میں اس کے ساتھ 'کو' کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور تیسری حالت میں اس کے ساتھ 'کا، کی، کے' کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً پہلی حالت میں یہ 'کتاب' ہی ہو گی۔ دوسری حالت میں 'کتاب کو پڑھا' اور تیسری حالت میں 'عبداللہ کی کتاب'۔

عربی میں کسی اسم کی مختلف حالتوں کو بیان کرنے اس کا طریقہ کار کچھ مختلف ہے۔ اگر اسم واحد ہو تو اس کی پہلی حالت کو ظاہر کرنے کے لئے اس اسم کے آخری حرف پر عموماً ضمہ (پیش) لگا دی جاتی ہے۔ دوسری حالت کے لئے فتحہ (زبر) اور تیسری حالت کے لئے کسرہ (زیر) لگا دی جاتی ہے۔ پہلی حالت کو رفع، دوسری کو نصب اور تیسری کو جر کہا جاتا ہے۔ انہیں مجموعی طور پر 'اعراب' کہا جاتا ہے۔ اگر اسم جمع ہو تو اس کی تینوں حالتوں کو بیان کرنے کا طریقہ کچھ مختلف ہوتا ہے جس کی تفصیل آپ اگلے ماڈیولز میں دیکھیں گے۔ اس جدول کو دیکھیے:

| إسم<br>Noun | رَفْع<br>Subjective | نَصَبْ<br>Objective | جَرّ<br>Possessive |
|---|---|---|---|
| حَسَنٌ | حَسَنٌ | حَسَنًا | حَسَنٍ |
| الوَالِدُ | الوَالِدُ | الوَالِدَ | الوَالِدِ |
| كِتَابٌ | كِتَابٌ | كِتَابًا | كِتَابٍ |

نوٹ کیجیے کہ حالت نصب میں دو زبر کے بعد ایک الف کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ الف لام لگانے سے دو کی بجائے ایک زبر، زیر یا پیش استعمال ہوئی ہیں۔ یہاں یہ اصول بھی یاد کر لیجیے کہ عربی میں استثنائی طور پر چند اسم ایسے ہیں جن کے اعراب تبدیل نہیں ہوا کرتے۔ آپ وقت کے ساتھ ساتھ ان اسماء کو سیکھ لیں گے۔ انہیں مَبْنِی کہا جاتا ہے۔ بعض اسم ایسے ہوتے ہیں جن کی حالت نصب اور جر ایک جیسی ہی ہوتی ہے۔ انہیں غیر منصرف اسماء کہا جاتا ہے۔ ان پر تنوین بھی نہیں آتی۔

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

حالت رفع میں دیے گئے اسماء کو حالت نصب اور حالت جر میں تبدیل کیجیے۔

| رَفْع<br>Subjective | مَعنَی<br>Meanings | نَصَبْ<br>Objective | جَرّ<br>Possessive |
|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ | محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | | |
| رَسُوْلٌ | کوئی رسول، کوئی پیغمبر | | |
| الرَّسُوْلُ | خاص رسول | | |
| شَيْئٌ | کوئی سی چیز | | |
| الشَّيْئُ | مخصوص چیز | | |
| آيَةٌ | کوئی سی نشانی | | |
| الآيَةُ | مخصوص نشانی | | |
| جَنَّةٌ | کوئی سا باغ | | |
| الْجَنَّةُ | مخصوص باغ | | |
| بِنْتٌ | کوئی لڑکی، کوئی بیٹی | | |
| الْبِنْتُ | مخصوص لڑکی یا بیٹی | | |
| سَمَآءٌ | کوئی آسمان، کوئی بلندی | | |
| السَّمَآءُ | خاص آسمان یا بلندی | | |

یہ بات نوٹ کر لیجیے کہ 'الف لام' لگا دینے سے لفظ کے آخری حرف پر دی گئی ضمہ، دوہری کی بجائے اکہری ہو جاتی ہے۔ اگر 'ال' نہ ہو تو پھر یہ دوہری ہی رہتی ہے۔ یہی اسم معرفہ اور نکرہ کی پہچان ہے۔ اس کی تفصیل کا مطالعہ آپ اگلے ماڈیول میں کریں گے۔

## سبق 4 : واحد، تثنیہ، جمع (Singular and Plural)

ہر زبان میں واحد اور جمع کے لئے مختلف الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر واحد کے لفظ میں کچھ اضافہ جات کے ساتھ اس سے جمع اخذ کر لی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے انگریزی میں s یا es کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ اردو میں اس مقصد کے لئے واحد لفظ کے آخر میں 'یں' یا 'وں' لگا دیا جاتا ہے۔

**تعمیر شخصیت**
قوم کی تعمیر ایک طویل عمل ہے۔ اگر آپ اپنی قوم کی حقیقی تعمیر کرنا چاہتے ہیں تو اپنی جدوجہد کے نتائج کے لئے طویل انتظار کیجیے۔ قوم کی تعمیر دنوں کا کام نہیں ہے۔

عربی میں بھی ایسا ہی ہے مگر عربی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں واحد اور جمع کے درمیان بھی ایک صورت ہوتی ہے جسے تثنیہ کہتے ہیں۔ تثنیہ کے الفاظ دراصل دو افراد یا کسی چیز کے جوڑے کو بیان کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں۔ ان کی مثالیں یہ ہیں:

- واحد: یہ ایک شخص، چیز یا جگہ کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ (کوئی مرد)، إمرَأةٌ (کوئی خاتون)، جَنَّةٌ (کوئی باغ) وغیرہ۔
- تثنیہ: یہ دو افراد، اشیاء یا جگہوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے رَجُلانِ (دو مرد)، إمرَأتَانِ (دو خواتین)، جَنَّتَانِ (دو باغ) وغیرہ۔ عربی میں کسی اسم کو تثنیہ بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے۔
  - اگر وہ اسم حالت رفع میں ہو تو اس کے آگے 'ان' لگا دیجیے۔ جیسے رَجُلانِ (دو مرد)
  - اگر وہ اسم حالت نصب یا جر میں ہو تو اس کے آخری حرف پر زبر لگا کر آگے 'ین' لگا دیجیے۔ جیسے رَجُلَیْنِ (دو مرد)
- جمع: یہ تین یا تین سے زیادہ افراد، اشیاء یا جگہوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ رِجَالٌ (بہت سے مرد)، جَنَّاتٌ (بہت سے باغات) وغیرہ۔ جمع بنانے کا طریقہ بھی بہت آسان ہے۔
  - اگر اسم مذکر ہو اور حالت رفع میں ہو تو اس کے آگے 'ون' لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمُونَ (بہت سے مسلمان)، مُؤمِنُونَ (بہت سے ایمان والے)، عَابِدُونَ (بہت سے عبادت گزار) وغیرہ۔
  - اگر اسم مذکر ہو اور حالت نصب یا جر میں ہو تو اس کے آخری حرف پر زیر لگا کر آگے 'ین' لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمِینَ (بہت سے مسلمان)، مُؤمِنِینَ (بہت سے ایمان والے)، عَابِدِینَ (بہت سے عبادت گزار) وغیرہ۔
  - اگر اسم مؤنث ہو تو اس کے آگے 'ات' لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمَاتٌ (بہت سی مسلمان خواتین)، مُؤمِنَاتٌ (بہت سی ایمان والیاں)، عَابِدَاتٌ (بہت سی عبادت گزار خواتین) وغیرہ۔ حالت رفع میں تو یہ اسی طرح ہو گا مگر حالت نصب یا جر دونوں میں ان الفاظ کے آخر میں کسرہ آ جائے گی۔ جیسے مُسلِمَاتٍ، مُؤمِنَاتٍ، عَابِدَاتٍ. حالت نصب میں بھی یہ فتحہ کی بجائے کسرہ ہی ہو گی۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ جمع مونث غیر منصرف ہوتی ہے۔

بعض اوقات جمع بنانے کے لیے اوپر بیان کردہ قواعد سے ہٹ کر بھی اختیار کیے جاتے ہیں۔ جیسے کِتَابٌ سے کُتُبٌ (کتابیں)، شَیطَانٌ سے شَیَاطِیْنُ، نَهْرٌ (نہر یا دریا) سے أنْهَارٌ وغیرہ۔ اسے 'جمع مکسر' کہا جاتا ہے۔ اردو میں بھی جمع مکسر عام استعمال ہوتی ہے اور دراصل یہ عربی ہی سے اردو میں آئی ہے۔ فی الحال آپ اتنا سمجھ لیجیے کہ جمع مکسر بنانے کا کوئی مخصوص طریقہ نہیں ہے اور یہ عام طور پر حالت نصب اور جر میں ایک جیسی آتی ہے۔ مزید تفصیلات آپ اگلے ماڈیولز میں پڑھیں گے۔

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے (۱)

ان الفاظ کے تثنیہ اور جمع بنائیے۔ جہاں کہیں جمع مکسر استعمال ہوتی ہے، وہاں اسے بیان کر دیا گیا ہے۔

<table>
<tr><th colspan="2">جَمْعٌ<br>Plural</th><th colspan="2">تَثْنِيَةٌ<br>Two / Pair</th><th>مَعانی<br>Meanings</th><th>وَاحِدٌ<br>Singular</th></tr>
<tr><th>نصب | جر</th><th>رفع</th><th>نصب | جر</th><th>رفع</th><th></th><th></th></tr>
<tr><td>مُسلِمِينَ</td><td>مُسلِمُونَ</td><td>مُسلِمَيْنِ</td><td>مُسْلِمَانِ</td><td>مسلمان</td><td>مُسْلِمٌ</td></tr>
<tr><td>مُسلِمَاتٍ | مُسلِمَاتٍ</td><td>مُسلِمَاتٌ</td><td>مُسلِمَتَيْنِ</td><td>مُسلِمَتَانِ</td><td>مسلم خاتون</td><td>مُسْلِمَةٌ</td></tr>
<tr><td>كُتُبًا | كُتُبٍ</td><td>كُتُبٌ</td><td></td><td></td><td>کتاب</td><td>كِتَابٌ</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td>مُتَّقِيَانِ</td><td>پرہیز گار</td><td>مُتَّقِيٌّ</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td></td><td>صاحب ایمان</td><td>مُومِنٌ</td></tr>
<tr><td>أعَاظِمَ | أعَاظِمَ</td><td>أعَاظِمُ</td><td></td><td></td><td>سب سے عظیم</td><td>أعْظَمُ</td></tr>
<tr><td>سُفَهَاءَ | سُفَهَاءَ</td><td>سُفَهَاءُ</td><td></td><td></td><td>بے وقوف</td><td>سَفِيْهٌ</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td></td><td>مصلح</td><td>مُصْلِحٌ</td></tr>
<tr><td>شَيَاطِيْنَ | شَيَاطِيْنَ</td><td>شَيَاطِيْنُ</td><td></td><td></td><td>شیطان</td><td>شَيْطَانٌ</td></tr>
<tr><td></td><td></td><td></td><td></td><td>فساد پھیلانے والا</td><td>مُفْسِدٌ</td></tr>
<tr><td>ظُلُمَاتٍ | ظُلُمَاتٍ</td><td>ظُلُمَاتٌ</td><td></td><td></td><td>تاریکی</td><td>ظُلْمَةٌ</td></tr>
<tr><td>صَوَاعِقَ | صَوَاعِقَ</td><td>صَوَاعِقُ</td><td></td><td></td><td>آسمانی بجلی</td><td>صَاعِقَةٌ</td></tr>
<tr><td></td><td>جَنَّاتٌ</td><td></td><td></td><td>باغ</td><td>جَنَّةٌ</td></tr>
</table>

## سبق 4 : واحد، تثنیہ، جمع (Singular and Plural)

| وَاحِدٌ Singular | مَعانی Meanings | تَثْنِيَةٌ Two / Pair | | جَمْعٌ Plural | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | رفع | نصب ا جر | رفع | نصب ا جر |
| ضَآلٌّ | گمراہ | | | | |
| صَلاَةٌ | نماز | | | صَلَوَاتٌ | |
| قَلْبٌ | دل | | | قُلُوْبٌ | |
| مَرَضٌ | مریض | | | أَمْرَاضٌ | |
| سُوْرَةٌ | سورت | | | سُوَرٌ | |
| عَابِدٌ | عبادت گزار | | | | |
| نَهْرٌ | دریا، نہر | | | أَنْهَارٌ | |
| أُذُنٌ | کان | | | آذَانٌ | |
| مَثَلٌ | مثال | | | أَمْثَالٌ | |
| عَذَابٌ | عذاب، سزا | | | | |
| صَغِيْرٌ | چھوٹا | | | صِغَارٌ | |
| غِشَاوَةٌ | اندھیرا | | | | |
| فَاسِقٌ | گناہ گار | | | | |
| نُوْرٌ | روشنی | | | أَنْوَارٌ | |

**آج کا اصول**

'الف نون' اور 'واؤنون' حالت رفع کی جبکہ 'یاء نون' حالت نصب یا حالت جر کی علامتیں ہیں۔ مثلاً مسلمون حالت رفع اور مسلمین حالت نصب و جر ہے۔

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے (۲)

ان مؤنث الفاظ کے تثنیہ اور جمع بنایئے۔

| وَاحِدٌ Singular | مَعانی Meanings | تَثْنِيَةٌ Two / Pair | | جَمْعٌ Plural | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | رفع | نصب \| جر | رفع | نصب \| جر |
| مُسلِمَةٌ | مسلم خاتون | مُسلِمَتَانِ | مُسلِمَتَيْنِ | مُسلِمَاتٌ | مُسلِمَاتٍ \| مُسلِمَاتٍ |
| عَابِدَةٌ | عبادت گزار خاتون | | | | |
| سَاجِدَةٌ | سجدہ کرنے والی | | | | |
| ناظِرَةٌ | دیکھنے والی | | | | |
| صَائِمَةٌ | روزہ رکھنے والی | | | | |
| مُؤمِنَةٌ | ایمان والی | | | | |
| ثَيِّبَةٌ | شادی شدہ خاتون | | | | |
| قَانِتَةٌ | جھکے ہوئے دل والی خاتون | | | | |
| صَالِحَةٌ | نیک خاتون | | | | |
| صَادِقَةٌ | سچی | | | | |
| حَافِظَةٌ | حفاظت کرنے والی | | | | |
| صَابِرَةٌ | ثابت قدم رہنے والی | | | | |
| خَاشِعَةٌ | ڈرنے والی | | | | |

**چیلنج!**

عام جمع اور جمع مکسر میں فرق بیان کیجیے۔

## اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے (۳)

ان مؤنث الفاظ کے مذکر اور پھر مذکر الفاظ کے تثنیہ اور جمع بنائیے۔

| مؤنث Feminine | مذكر Masculine | تَثْنِيَةٌ Two / Pair | | جَمْعٌ Plural | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | رفع | نصب ا جر | رفع | نصب ا جر |
| مُسلِمَةٌ | مُسلِمٌ | مُسلِمَانِ | مُسلِمَينِ | مُسلِمُونَ | مُسلِمِينَ |
| عَابِدَةٌ | | | | | |
| سَاجِدَةٌ | | | | | |
| ناظِرَةٌ | | | | | |
| صَائِمَةٌ | | | | | |
| مُؤمِنَةٌ | | | | | |
| ثَيِّبَةٌ | | | | | |
| قَانِتَةٌ | | | | | |
| صَالِحَةٌ | | | | | |
| صَادِقَةٌ | | | | | |
| حَافِظَةٌ | | | | | |
| صَابِرَةٌ | | | | | |
| خَاشِعَةٌ | | | | | |

**تعمیر شخصیت**
اپنے دل میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کی محبت پیدا کیجیے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں غور و فکر کیجیے۔ یہ سوچئے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے رسولوں نے ہم تک اس کا پیغام نہ پہنچایا ہوتا تو ہماری اخلاقی حالت کیا ہوتی؟

ہر زبان میں کسی شخص یا چیز کے نام کی جگہ کچھ الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جو ضمیر کہلاتے ہیں۔ مثلاً اردو میں جب ہم کسی کا ذکر پہلی بار کرتے ہیں تو اس کا نام لیتے ہیں۔ اس کے بعد ہم بار بار اس کا نام لینے کی بجائے 'یہ، وہ، اس، ان، انہوں، اسے' وغیرہ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ انہیں اسم ضمیر کہا جاتا ہے۔

عربی میں حالت کے اعتبار سے ضمیر کی تین اقسام ہیں۔ ایک عمومی حالت یا حالت رفع (Subjective Case)، دوسری مفعولی حالت (Objective Case) یا حالت نصب جب اس پر کوئی کام کیا گیا ہو اور تیسری اضافی حالت (Possessive Case) یا حالت جر جب اس ضمیر کے ساتھ کسی چیز کو منسوب کیا گیا ہو۔ ان تینوں کی تفصیل ہم پچھلے اسباق میں پڑھ چکے ہیں۔ اسی طرح عدد کے اعتبار سے ضمیر واحد، تثنیہ اور جمع ہوا کرتے ہیں۔ مذکر اور مؤنث کے لئے بھی مختلف ضمائر استعمال ہوتے ہیں۔

ان سب کے علاوہ غائب، حاضر اور متکلم کے لئے مختلف ضمیر استعمال ہوتے ہیں۔ غائب (Third Person) اس ضمیر کو کہتے ہیں جس میں کسی تیسرے شخص سے متعلق بات ہو رہی ہے جیسے 'وہ، اس'۔ حاضر (Second Person) وہ ضمیر ہے جس میں مخاطب سے متعلق بات ہو رہی ہو جیسے 'تم، آپ' اور متکلم (First Person) وہ ضمیر ہے جس کے ذریعے بات کرنے والا اپنے متعلق کچھ کہہ رہا ہو جیسے 'میں، ہم' وغیرہ۔ اس طرح اگر حساب لگایا جائے تو صرف حالت رفع کے لئے ۳(غائب، حاضر، متکلم) ضرب ۳ (واحد، تثنیہ، جمع) ضرب ۲ (مذکر، مؤنث) یعنی ۱۸ ضمائر استعمال ہونے چاہییں لیکن ایسا نہیں ہے۔ عرب لوگ متکلم کے لئے صرف دو ضمیر واحد اور جمع استعمال کرتے ہیں۔

مذکر اور مؤنث سے مراد صرف حقیقی مذکر و مؤنث ہی نہیں ہیں بلکہ وہ بے جان اشیاء کو مؤنث سمجھی جاتی ہیں، ان کے لئے بھی مؤنث کے ضمیر ہی استعمال ہوتے ہیں۔ ضمیر کی بحث عربی زبان سیکھنے میں بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ اگر آپ ان محض اٹھارہ بیس الفاظ کو سیکھ لیں تو زبان کا 20% حصہ آپ کی سمجھ میں آ جائے گا۔

